فوری ریلیز کے لیے: 2026/7/24 **گورنر KATHY HOCHUL**

تباہ کن زلزلوں کے ایک ماہ بعد، گورنر HOCHUL نے وینیزویلا کی کمیونٹی اور پورے نیو یارک میں انکے اتحادیوں کے لیے وسائل کی حامل ویب سائٹ لانچ کر دی ہے

وسائل میں بحالی اور امداد کی مدد و معاونت کرنے کے طریقوں کے متعلق معلومات اور ایسے مفید مشورے شامل ہیں کہ عطیات کی رقوم کو دھوکہ بازی کے ذریعے لوٹنے والوں سے کیسے ہوشیار رہا جائے

گورنر کی ویب سائٹ یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج وینیزویلا کی کمیونٹی اور پورے نیو یارک میں ان کے اتحادیوں کے لیے وسائل کی حامل ایک نئی ویب سائٹ لانچ کی۔ وینیزویلا میں تباہ کن زلزلوں کو ایک مہینہ گزرنے کے بعد بھی اس ملک کی صورتحال اب تک انتہائی ابتر ہے، اور گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کے باشندوں سے مسلسل یہ درخواست کر رہی ہیں کہ وہ بحالی کی کوششوں اور امدادی کاروائیوں میں مدد و معاونت کریں۔ وینزویلا کی کمیونٹی کے ساتھ نیو یارک کے گہرے تعلقات کو مدنظر رکھتے ہوئے، گورنر ہسپانک فیڈریشن (Hispanic Federation) کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے خطے میں انسانی امداد کی کوششوں کی حمایت کے لیے وسائل فراہم کر رہی ہیں، اور ساتھ ہی عطیات دھوکہ بازی سے لوٹنے کی ممکنہ کوششوں سے ہوشیار بھی کر رہی ہیں۔

"تباہ کن زلزلوں کے ایک مہینے بعد، وینزویلا کے ہزاروں خاندان، جن میں یہاں نیو یارک کے کئی خاندان بھی شامل ہیں، ابھی تک ناقابلِ تصور نقصان اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میری نیو یارک والوں سے پرزور گزارش ہے کہ وہ اس سخاوت کا مظاہرہ کرنا جاری رکھیں جو ہماری ریاست کی پہچان ہے اور ان معتبر انسانی فلاحی تنظیموں کی مدد و معاونت کریں جو مقامی سطح پر امدادی کاروائیوں میں مصروف ہیں۔ اگر آپ عطیہ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو براہ کرم فراڈ کرنے والوں سے ہوشیار رہیں اور یہ امر یقینی بنائیں کہ ہر ڈالر ان لوگوں اور کمیونٹیز تک پہنچے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔"

اب جبکہ وینزویلا نے اس تباہ کن آفت سے بحالی کا عمل جاری رکھا ہوا ہے، تو ایسے میں گورنر Hochul (ہوکل) نے یہ حقیقت ذہن میں رکھتے ہوئے کہ لوگوں کو ایسے ممالک میں واپس جانے پر مجبور نہیں کرنا چاہیے جو انسانی بحرانوں کا سامنا کر رہے ہیں وینزویلا کے اہل افراد کے لیے عارضی حفاظتی حیثیت کی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔

انسانی امدادی کوششوں کی مدد و معاونت کرنا

وینزویلا میں تباہ کن زلزلوں کے آنے کے ایک مہینے بعد، نیو یارک اپنے اس عزم مصمم پر قائم ہے کہ بحران اور آفات کی صورتحال میں اپنے عالمی پڑوسیوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑا رہے گا۔ متاثرہ کمیونٹیز کی مدد کے لیے اپنی مسلسل جاری کاوشوں کے ایک جزو کے طور پر ہم اُن وسائل کے راستے شیئر کر رہے ہیں جو ہسپانک فاؤنڈیشن نے اُن لوگوں کے لیے فراہم کیے ہیں جو امدادی کاروائیوں اور بحالی کی کوششوں میں حصہ ڈالنا چاہتے ہیں۔

ہسپانک فیڈریشن (Hispanic Federation) – لوگوں کی مدد کرنا: وینزویلا ڈیزاسٹر ریلیف

- ہسپانک فاؤنڈیشن نے، جو بغیر منافع کام کرنے والی ملک کی سب سے بڑی لاطینی ممبرشپ تنظیم ہے، $100,000 مالیت کے ہنگامی امدادی فنڈ کا اعلان کیا ہے: آیودا آ لوس پیبلوس (Ayuda a los Pueblos): وینزویلا ڈیزاسٹر ریلیف (Venezuela Disaster Relief)۔
- AID for Life اور Casa de Venezuela Orlando جیسی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرنا جو مقامی گروپوں کے ساتھ مضبوط تعلقات رکھتی ہیں اور پورے وینزویلا میں فوری انسانی مدد فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں جن میں خوراک، صاف پانی، ہنگامی پناہ گاہیں، اور ضروری ساز و سامان شامل ہیں۔

Aid for LIFE – وینزویلا زلزلے کا ایمرجنسی ریلیف فنڈ

- زمینی ٹیم وینزویلا میں متاثر ہونے والی کمیونٹیز کی فوری ضروریات کا حقیقی وقت میں جائزہ لے رہی ہے اور خوراک، صاف پانی اور طبی سپلائیز فراہم کر رہی ہے۔
- عطیات براہ راست وینزویلا میں موجود ٹیم کو جاتے ہیں جو مقامی تنظیموں کے ساتھ باہمی ربط کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور جن میں یونیورسڈاد سینٹرل دی وینزویلا (Universidad Central de Venezuela) کے طلباء شامل بھی ہیں جو امدادی کاروائیوں میں مصروف ہیں اور ہسپتال اور کلینکس بھی شامل ہیں جنہیں طبی ساز و سامان کی فوری ضرورت ہے۔

Casa de Venezuela Orlando – ایمرجنسی ریلیف رسپانس

- امریکہ میں وینزویلائی تنظیموں کے نیٹ ورک (Network of Venezuelan Organizations) اور مقامی گروپوں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے کمیونٹیز کو مسلسل اور طویل المدتی امداد فراہم کر رہا ہے، مثلاً ہنگامی طبی امداد اور ساز و سامان کی فراہمی اور وینزویلا کے اندر اور باہر خاندانوں کو جذباتی مدد و معاونت مہیا کرنا۔

World Central Kitchen - وینزویلا ایمرجنسی فوڈ ریلیف

- WCK مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کر کے اور خوراک کے ٹرکوں یا ایمرجنسی باورچی خانوں کے نیٹ ورک کو فعال کر کے متاثرہ کمیونٹیز کو تازہ اور انکے ذائقے کے لیے موزوں کھانے بھی فراہم کر رہا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ صاف پانی اور برف کا انتظام بھی کر رہا ہے۔
- وینزویلا کے حالیہ زلزلوں کے بعد والے ہفتوں کے دوران ایک ملین سے زائد کھانے بھی تقسیم کر چکا ہے اور کمیونٹی باورچی خانوں کو خوراک کی سپلائیز، کچن کا سامان، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور کھانا پکانے کی تربیت کے ذریعے ان کی استعداد و صلاحیت بڑھانے میں مدد بھی کر رہا ہے۔

<u>دھوکہ بازی کے ذریعے عطیات مانگنے والوں سے بچنا</u>

جب بھی کوئی آفت آتی ہے تو دھوکے باز ایسے لوگوں کے ہمدردانہ جذبات سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں جو مدد کرنے پر آمادہ ہوں۔ وینیزویلا میں زلزلے فراڈ کرنے والوں کے لیے ایک موقع فراہم کر رہے ہیں کہ وہ جعلی خیراتی ادارے قائم کریں یا خود کو جنگ کے متاثرین ظاہر کریں۔ کچھ دھوکے باز ایسی ویب سائٹس بنا لیتے ہیں جو کسی معتبر خیراتی ادارے کی اصلی سائٹ کی نقل لگتی ہیں، تاکہ معصوم و بے خبر عطیہ دہندگان کا پیسہ اور/یا ذاتی معلومات چرا سکیں۔

عطیات کی رقوم کو غلط ہاتھوں میں جانے سے بچانے کے لیے نیو یارک کے محکمۂ ریاست کے ڈویژن برائے تحفظِ صارفین (Division of Consumer Protection) نے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر تجویز کی ہیں:

- **درخواست کی تصدیق کریں:** سوشل میڈیا پر دھوکہ باز اب پہلے سے زیادہ دوستوں، خاندان والوں، یا رومانی دلچسپیوں کے طور پر ظاہر ہو رہے ہیں اور عطیات مانگ رہے ہیں۔ اگر آپ کو عطیے کی کوئی غیر مطلوبہ عرضداشت آن لائن موصول ہو، چاہے وہ آپ کے کسی جاننے والے شخص کی جانب سے ہی کیوں نہ لگ رہی ہو، تو درخواست کی تصدیق کرنے کے لیے اُس شخص سے براہِ راست کسی مختلف ذریعے سے رابطہ کریں۔ ذریعے کی تصدیق کیے بغیر نہ کسی لنک پر کلک کریں اور نہ ہی کوئی فارم مکمل کریں۔ اگر یہ درخواست کسی ایسے شخص کی جانب سے آئی ہو جس سے آپ نے حال ہی میں آن لائن ملاقات کی تھی، تو بہت امکان ہے کہ وہ دھوکہ ہو اور آپ کو خاص طور سے بہت احتیاط برتی چاہیے۔
- **جعلی خیراتی تنظیموں سے ہوشیار رہیں:** کچھ دھوکے باز جعلی "خیراتی تنظیمیں" بنا لیں گے اور آپ کو مشہور خیراتی تنظیموں سے ملتے جلتے ناموں سے دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ اس خیراتی تنظیم کا مکمل نام، ویب ایڈریس، رابطہ معلومات وغیرہ خوب اچھی طرح جانچ لیں۔ دھوکہ باز آپ کو بیوقوف بنانے کے لیے کسی جانے پہچانے، قابلِ اعتماد ادارے کے نام کی نقل کر سکتے ہیں۔
- **خیراتی تنظیم کی تحقیق کریں:** صرف خیراتی تنظیم کی ویب سائٹ پر ہی انحصار مت کریں۔ کسی بھی خیراتی ادارے کو چندہ دینے سے پہلے آن لائن تلاش کریں اور گروپ کے نام کے ساتھ "ریویو" اور "دھوکہ" جیسے الفاظ بھی استعمال کریں۔ فیڈرل ٹریڈ کمیشن (Federal Trade Commission) کا مشورہ ہے کہ خیراتی اداروں کے متعلق رپورٹیں اور ریٹنگز دیکھنے کے لیے give.org، charitynavigator.org، charitywatch.org، یا candid.org پر چیک کریں۔ آپ اس بات کی تصدیق کے لیے انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں کہ کوئی خیراتی ادارہ رجسٹرڈ ہے یا نہیں۔ اٹارنی جنرل کا دفتر (Office of the Attorney General) بھی یہ تجویز کرتا ہے کہ عطیہ دینے سے پہلے چیریٹیز رجسٹری (Charities Registry) میں موجود مالی رپورٹوں کا جائزہ لے کر یقینی بنایا جائے کہ خیراتی ادارہ مالی طور پر مضبوط ہے۔
- **زیادہ دباؤ ڈالنے والے طریقوں کے خلاف مزاحمت کریں:** اگرچہ صورتحال فوری ہے، تاہم پھر بھی صارفین کو فوراً چندہ دینے کے لیے دباؤ ڈالنے کے خلاف مزاحمت کرنی چاہیے۔ دھوکے باز اکثر آپ پر فوری عطیہ دینے کے لیے دباؤ ڈالتے ہیں، جس کی وجہ سے آپ ان کی کہانی میں خطرے کے اشاروں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ان براہِ راست ای میلز سے محتاط رہیں جو 'متاثّرین' اور وکیلوں کی جانب سے آئی ہوں اور دل دہلا دینے والی کہانیاں استعمال کر کے آپ سے فوراً عطیہ دینے کا اصرار کر رہی ہوں۔ انجانے ٹیلی مارکیٹرز کو فون پر پیسے ہرگز نہ دیں؛ اس کے بجائے، اگر آپ چاہیں تو، کال کرنے والے سے کہیں کہ وہ اپنے خیراتی ادارے کے بارے میں تحریری مواد بھیجے اور یہ بتائے کہ عطیہ کہاں کرنا ہے۔
- **ذاتی معلومات کو خفیہ رکھیں:** عطیہ مانگنے کی کسی انجانی درخواست کے جواب میں کبھی بھی اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر، کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ نمبر، یا دیگر ذاتی شناختی معلومات فراہم نہ کریں۔ اگر آپ عطیہ آن لائن دے رہے ہیں، تو عطیہ مانگنے کی کسی درخواست پر عمل کرنے سے پہلے یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا انٹرنیٹ کنکشن محفوظ ہے۔
- **پوچھیں کہ آپ کی رقم کیسے خرچ کی جائے گی:** صارفین یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ان کا پیسہ براہِ راست متاثرین تک پہنچ رہا ہے یا نہیں۔ کسی معتبر خیراتی تنظیم میں آپ کو بتانے کی استعداد ہونی چاہیے کہ آپ کی عطیہ کردہ رقم کا کتنا حصہ براہ راست پروگرام میں جائے گا اور کتنا حصہ انتظامی اخراجات کی مد میں خرچ ہوگا۔
- **عطیے کی ادائیگی چیک یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے کریں:** پیسے کبھی بھی نقد، تحفہ کارڈز، کرپٹو کرنسی، یا کسی ایسے دیگر طریقے سے ادا نہ کریں جسے ٹریک کرنا مشکل ہو۔ اپنا عطیہ چیک یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے دیں تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ آپ کے پاس عطیے کا ریکارڈ موجود ہے۔ چیکس کسی شخص کے بجائے خیراتی ادارے کے نام لکھیں۔ اگر آپ نے کسی خیراتی ادارے کی ویب سائٹ کے ذریعے چندہ دینے کا فیصلہ کیا ہو، تو اچھی طرح جانچ کر لیں کہ انکی ویب سائٹ محفوظ ہے اور آپ کے کمپیوٹر میں تازہ ترین اینٹی وائرس پروٹیکشن موجود ہے۔

اگر آپ کو شک ہو کہ آپ سے دھوکہ دہی کے ذریعے عطیات حاصل کرنے کی کوئی کوشش کی گئی ہے، تو آپ نیو یارک کے محکمۂ ریاست (New York Department of State) کے ڈویژن برائے تحفظِ صارفین (Division of Consumer Protection) کے پاس شکایت دائر کروا سکتے ہیں۔ صارفین اپنی شکایات کسی بھی وقت www.dos.ny.gov/consumer-protection پر دائر کر سکتے ہیں۔

1-800-697-1220 پر ڈویژن کی کنزیومر اسسٹنس ہاٹ لائن (Consumer Assistance Hotline)، ریاستی تعطیلات کے علاوہ، پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک کھلی رہتی ہے۔ آپ ڈویژن برائے تحفظِ صارفین (Division of Consumer Protection) کو سوشل میڈیا پر X اور Facebook پہ فالو کر کے مزید معلومات اور مفید مشورے حاصل کر سکتے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز کو روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ایک ای میل ارسال کریں۔